# حکومتی اخراجات کے استعمال پر پابندی

نیو یارک سٹی منشور میں عوامی خدمتگاروں کی جانب سے حکومتی وسائل کے استعمال کو محدود کرنے والے قوانین موجود ہیں۔ ایک عوامی خدمتگار سٹی کا کوئی بھی ایسا عہدیدار، افسر یا ملازم ہے، بشمول کمیونٹی بورڈ رکن یا مشیرانہ کمیٹی کا ادائیگی والا رکن۔

## کن حدود کا اطلاق ہوتا ہے؟

ایک عوامی خدمتگار کو ایسی عوامی ابلاغ انجام دینے کے لیے حکومتی فنڈز یا وسائل (بشمول انٹرنیٹ پر بیانات) استعمال کرنا منع ہے، جو عوام کو کسی سرکاری دفتر کے لیے کسی مخصوص امیدوار کو منتخب کرنے یا ہرانے، کسی مخصوص سیاسی پارٹی کی حمایت یا مخالف کرنے یا بیلٹ ریفرنڈم کے کسی مخصوص سوال کی حمایت یا مخالفت کرنے پر زور دیتی ہو۔

## دیگر حدود

### انتخاب کے سال کے دوران

انتخاب کے سال کی 1 جنوری سے لے کر عام انتخاب کے دن تک، ایک عوامی خدمتگار، جو خود یا ان کے شریک حیات/گھریلو شراکت دار کسی دفتر میں نامزدگی یا انتخاب کے لیے امیدوار ہیں، حکومتی وسائل سے ادا کردہ کسی ٹیلیویژن اشتہار، ریڈیو اشتہار یا پرنٹ یا الیکٹرانک (انٹرنیٹ) اشتہار میں نظر آ یا شامل ہو نہیں سکتے۔

### انتخاب کا دن سے پہلے

پرائمری اور عام انتخابات دونوں سے 90 دن پہلے کے بعد حکومتی فنڈز یا وسائل کو وسیع پیمانے پر پرنٹ یا الیکٹرانک ڈاک بھیجنے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ اسے پابندی کو عام طور پر وسیع پیمانے پر ڈاک کا "بلیک آؤٹ" عرصہ کہا جاتا ہے۔ وسیع پیمانے پر ڈاک 100 سے زائد ایک جیسا یا تقریبًا ایک جیسا مواد یا دیگر ابلاغ ہوتی ہے، بشمول، بلا تحدید، رہائشیوں یا ووٹرز کو بھیجے جانے والے نیوز لیٹرز، پیمفلٹس اور معلوماتی مواد۔[1] CFB ان قوانین کی خلاف ورزیوں کے لیے جرمانوں کا جائزہ لے گی اور اس ابلاغ کو اشیاء کی صورت میں تعاون سمجھے گی، جنہیں امیدوار کی خرچ کی حد(ود) میں شمار کیا جائے گا۔

*نوٹ: خصوصی انتخابات کے لیے، حدود کا اطلاق خصوصی انتخاب کا اعلان ہونے سے لے کر خصوصی انتخاب کے دن تک ہوتا ہے۔*

1 (a)(1)1136.1§ *ملاحظہ کریں*۔ (4)1136.1§ کے مطابق، مہم فائنانس بورڈ کے پاس اس تقاضے کو لاگو کرنے کا اختیار موجود ہے۔

## استثناء

عوامی خدمتگار تحریری یا الیکٹرانک میڈیا میں خبروں میں کوریج، مباحثوں اور عوامی تعلیم کے فورمز میں شامل کر سکتے ہیں یا حکومتی فنڈز استعمال کر سکتے ہیں۔

اس صورت میں وسیع پیمانے پر ڈاک کے لیے انتخاب کے 90 دن کے اندر حکومتی وسائل استعمال کیے جا سکتے ہیں، اگر ڈاک:[2]

- بجٹ سے متعلقہ ہے، جو صرف کونسل ضلع، بورو یا عوامی خدمتگار کی جانب سے نمائندگی کردہ دیگر جغرافیائی علاقے کے اندر افراد کو بھیجی جاتی ہے اور **ایگزیکٹو بجٹ کو اختیار کیے جانے کے بعد اکیس دنوں کے اندر** بھیجی جاتی ہے۔ عوامی خدمتگار اس استثناء سے متعلقہ صرف ایک ڈاک بھیج سکتے ہیں۔[3]

- **قانون کے تحت لازمی ایک اشتہار یا دیگر ابلاغ۔**

- **عوامی صحت و سلامتی کے تحفظ کے لیے ضروری کوئی ابلاغ۔** ایسی ابلاغ میں عوام کو مخصوص، فوری خطرہ شامل ہونا چاہیے اور انہیں عام تعلیم یا معلومات سے علیحدہ ہونا چاہیے (مثلاً کسی بیماری کی وباء کا پھوٹ پڑنا یا کسی مخصوص علاقے میں جرائم میں اضافہ)۔

- **سوالات یا درخواستوں کے جواب میں معیاری ابلاغ۔** ایسی ابلاغ کو صرف ان افراد کو بھیجا جانا چاہیے، جنہوں نے سوال یا درخواست جمع کروائی ہو اور ابلاغ کے مواد کو صرف سوال یا درخواست کی حد کا احاطہ کرنا چاہیے۔

- **ایک عوامی خدمتگار اور عوام کے اراکین کے درمیان یا ایک منتخب عہدیدار اور اس کے رائے دہندگان کے درمیان عام ابلاغ۔** اس بات کا فیصلہ کرنے میں کہ کون سا ابلاغ اس استثناء پر پورا اترتا ہے، CFB کا عملہ کئی عناصر پر غور کرے گا، بشمول مواد، موضوع اور ڈاک کا وقت۔

  - ایک عام ابلاغ میں ایک سالانہ یا بار بار ہونے والی تقریب کے لیے اشتہار شامل ہو سکتا ہے، بشرطیکہ تقریب وقت کے حساب سے حساس ہے۔ ایسے ابلاغ کو عام سمجھے جانے کے امکانات زیادہ ہیں، اگر عوامی خدمتگار پچھلے سالوں سے اسی تقریب کے لیے اپنے دفتر کی جانب سے تشہیر والی ابلاغ فراہم کر سکے۔ عمومًا عام سمجھی جانے والی ابلاغ کی مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں:

    - آزادی کے دنوں اور دیگر نسلی/وراثتی جشنوں کے اشتہارات۔
    - میلوں اور تقریبات کے اشتہارات، جنہیں سابقہ سالوں میں اسی عہدیدار کی جانب سے منعقد کیا گیا ہو۔
    - زیر التواء قوانین سازی پر اور آنے والی سماعتوں پر بات کرنے والی ابلاغ، جو ایک باقاعدہ اور پہلے سے موجود ماہانہ خبروں کے پروگرام کے حصے کے طور پر تقسیم کی ایک فہرست کو بھیجی جائیں (انہیں موجودہ طور پر زیر التواء مسائل پر مرکوز ہونا چاہیے، عہدیدار کے ماضی کے افعال یا کامیابیوں کو بیان کرنے کی بجائے)۔
    - رائے دہندگان کو عدالت کے ایسے حالیہ فیصلوں یا قانون میں تبدیلیوں سے آگاہ کرنے والی ابلاغ، جو انہیں متاثر کر سکتی ہوں۔
    - کسی مخصوص اور وقت سے حساس موضوع کے حوالے سے ٹاؤن ہال کی آنے والی کسی میٹنگ کے متعلق اطلاعات اور یاددہانیاں۔

---

2 (a)(3)1136.1§ *ملاحظہ کریں۔*

3 (b)(2)1136.1§ *ملاحظہ کریں۔*

**بےشک اگر وہ مندرجہ بالا استثناء میں سے کسی میں آتی ہوں**، انتخاب کے 90 دن کے اندر حکومتی وسائل استعمال کرنے والی وسیع پیمانے کی ڈاک کو درج ذیل چیزیں **بالکل نہیں**کرنی چاہیں:

- مہم سے متعلقہ، انتخابی یا تشہیری زبان کی حامل ہونا۔
- عوامی خدمتگار کی مہم کی رابطہ معلومات کا حامل ہونا۔
- عوامی خدمتگار کے ضلع یا زیر احاطہ علاقے سے باہر تقسیم کیا جانا۔

اس صورت میں وسیع پیمانے پر ڈاک کے لیے انتخاب کے 90 دن کے اندر حکومتی وسائل کو استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، اگر یہ مندرجہ بالا استثناء میں سے کسی ایک کے احاطے میں نہ آتی ہو۔ ممنوع ابلاغ کی مثالوں میں شامل ہیں:

- موسمیاتی، مبارکبادی اور یادگاری اعلانات، جن کا تعلق کسی مخصوص، وقت سے حساس موقعے سے نہیں ہے۔
- پالیسی رپورٹس کے اجراء کا اعلان کرنے والے ابلاغ۔
- نیوز لیٹرز، بےشک پرنٹ یا الیکٹرانک، جو کسی مخصوص، وقت سے حساس مسئلے سے نہ جڑے ہوں۔

## الیکٹرانک ابلاغ

الیکٹرانک ابلاغ، بشمول بلا تحدید، ای میل، ٹیکسٹ پیغامات اور انٹرنیٹ مواد، §1136.1(1)(e) کے تحت "وسیع پیمانے پر ابلاغ" کی ایک قسم بنتے ہیں۔ رہائشیوں یا ووٹرز کو ایک جیسی یا تقریبًا ایک جیسی الیکٹرانک ابلاغ کو دستیاب کرنا، بشمول کسی ای میل پیغام کے متن میں، ایک ای میل میں فائل اٹیچمنٹ کے طور پر، سوشل میڈیا یا نیٹ ورکنگ سائٹ پر براہ راست پیغام کے ذریعے یا ایک ای میل، ٹیکسٹ پیغآم یا عوامی خدمتگار کی سٹی حکومت کی ویب سائٹ کے علاوہ کسی ویب سائٹ پر موجود انٹرنیٹ لنک کے ذریعے، منشور §1136.1(2)(b) کے تحت "پہنچانے" میں آتا ہے۔[4]

- ٹوئیٹس، فیس بک سٹیٹس اپ ڈیٹس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر دیگر پوسٹنگز پہنچانے میں شمار نہیں ہوتیں، ماسوائے یہ کہ وہ مخصوص اکاؤنٹس یا پتوں کو بھیجی جائیں۔ عوامی خدمتگاروں کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنی مہمات کے لیے علیحدہ ٹوئٹر اور فیس بک پیجز بنائیں، تاکہ وہ اس تاثر سے بچ سکیں کہ حکومتی وسائل مہم سے متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کیے جا رہے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے نیو یارک سٹی منشور §1136.1 ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم مارک گرفن، ایسوسیئیٹ کونسل سے 8630-404 (347) یا mgriffin@nyccfb.info پر رابطہ کریں۔

4 *عمومی طور پر ملاحظہ کریں* مشاورتی رائے 2007-1 (8 فروری 2007)۔

3/31/2023